# 14-02-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریاست کے 7 میونسپل کارپوریشنوں کے میئرس اور ڈپٹی میئرس کے ساتھ ساتھ 116 بلدیات کے صدورنشین اور نائب صدورنشین کا انتخاب پیر کو عمل میں آئے گا۔

۲۔ مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ ملک میں تکنیکی اور ریاضی کی تعلیم میں لڑکیوں کی شراکت داری بڑھ کر 43 فیصد ہوگئی ہے جو کہ عالمی اوسط سے زیادہ ہے۔

۳۔ مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے الزام لگایا ہے کہ کانگریس، بی آر ایس اور ایم آئی ایم پارٹیاں جمہوریت کا مذاق اڑا رہی ہیں۔

اور

۴۔ دونوں تلگو ریاستوں میں کل منائے جانے والے شیو راتری تہوار کے لئے تمام مندروں کو خوبصورتی سے سجایا گیا ہے۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں سائنس، ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اور ریاضی کی تعلیم میں لڑکیوں کی شراکت داری 43 فیصد تک پہنچ گئی ہے، جو کہ عالمی اوسط سے بھی زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2047 تک 'وِکست بھارت' کی تعمیر میں ایسے ہی باصلاحیت طلبہ کلیدی کردار ادا کریں گے۔ حیدرآباد کے رویندر بھارتی میں منعقدہ 'اسمارٹ جینیس گلوبل لیول اباکس، ویدک میتھس اور ہینڈ رائٹنگ' مقابلوں میں بہتر مظاہرہ کرنے والوں کو ایوارڈس تقسیم کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دنیا بھر سے 10 ہزار سے زائد طلباء کا اس پلیٹ فارم پر اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنا ایک اعزاز کی بات ہے۔ انہوں نے طلباء کی ستائش کرتے ہوئے کہا

کہ محض پانچ منٹ کے مختصر وقت میں ریاضی کے 70 مشکل سوالات حل کرنا ان بچوں کے نظم وضبط کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

Sound Byte Kishan Reddy

Komatireddy Venkat Reddy

وزیر عمارات وشوارعکومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے بتایا کہ نلگنڈہ میں تقریباً 2000 کروڑ روپے کی لاگت سے مختلف ترقیاتی کام جاری ہیں۔ آج نلگنڈہ میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میئر اور ڈپٹی میئر کے انتخابات کے بعد مزید نئے ترقیاتی کاموں کا آغاز کیا جائے گا۔ انہوں نے بلدی انتخابات میں کامیاب ہونے والے کارپوریٹرس کو مبارکباد دی اور اعلان کیا کہ وہ اب سے ہفتہ میں دو دن نلگنڈہ میں قیام کریں گے اور ہر ڈویژن میں 'پراجا دربار' منعقد کر کے عوامی مسائل حل کریں گے۔

Adluri lakshman

وزیر بہبود اے لکشمن کمار نے کہا ہے کہ میونسپل کارپوریشنوں اور بلدیات کے انتخابات میں ووٹروں نے کانگریس کے حق میں جو فیصلہ دیا ہے، اس سے ان کی ذمہ داری مزید بڑھ گئی ہے۔ آج جگتیال میں آکاش وانی کے نامہ نگار سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ جیت حکومت کی کارکردگی پر عوام کے اعتماد کا ثبوت ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوام سے کیا گیا ہر وعدہ پورا کیا جائے گا۔ اس سے قبل انہوں نے دھرم پوری شری لکشمی نرسمہا سوامی مندر میں خصوصی پوجا میں شرکت کی۔

Beerla illaya

آلیر کے ایم ایل اے بی ایلیا نے یادگیر گٹہ میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کانگریس حکومت نے گزشتہ دو سالوں میں پنشن، راشن کارڈ، باریک چاول کی فراہمی، گھریلو بجلی اور خواتین

کے لئے قرض جیسی فلاحی اسکیموں پر تیزی سے عمل درآمد کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ بلدی انتخابات میں عوام کی محبت اور تائید نے ہی کانگریس کو فتح دلائی ہے۔

Alleti Maheshwar Reddy

اسمبلی میں بی جے پی لیڈر راے مہیشور ریڈی نے نرمل میں کہا کہ بلدی انتخابات میں کانگریس کی جیت ایک مصنوعی جیت ہے، جبکہ بی جے پی نے اخلاقی فتح حاصل کی ہے۔انہوں نے بتایا کہ ان کی پارٹی کے ووٹوں کے تناسب میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، جس کا ثبوت یہ ہے کہ گزشتہ میونسپل انتخابات میں نرمل میں بی جے پی کی صرف ایک نشست تھی جو اب بڑھ کر 13 ہو گئی ہے۔انہوں نے یاد دلایا کہ کانگریس، بی آر ایس اور مجلس نے مل کر 27 ہزار ووٹ حاصل کئے، جبکہ بی جے پی نے تنہا مقابلہ کرتے ہوئے 20 ہزار 350 ووٹ حاصل کیے۔

Vemulawada

راجنا سرسلہ ضلع کے ویملواڑہ شری راج راجیشوارا سوامی مندر کی توسیع اور دیگر ترقیاتی کاموں کو منصوبہ بند طریقہ سے مکمل کرنے کی ہدایت وزیر اعلیٰ کے پرنسپل سکریٹری کے ایس سرینواس راجو نے دی ہے۔انہوں نے ضلع کلکٹر گریما اگروال کے ساتھ محکمہ عمارات و شوارع، مندر کے حکام اور کنٹراکٹرس کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا۔انہوں نے تاکید کی کہ کاموں میں کسی بھی رکاوٹ کے بغیر باہمی ہم آہنگی کے ساتھ آگے بڑھیں۔اس موقع پر سرینواس راجو نے بھیمیشورا سوامی مندر میں شیوراتری تقریبات کے لئے مفت بس سروس کا افتتاح بھی کیا۔انہوں نے بتایا کہ ویملواڑہ کے تپاپور بس اسٹینڈ سے مندر تک 14 بسیں مسلسل مفت خدمات فراہم کریں گی۔

Rythu Jagruthi

رعیتو جاگروتی یاترا کے چیرمین جگجیت سنگھ ڈلے والا نے حیدرآباد میں تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا

کہ مرکزی حکومت فصلوں کی اقل ترین امدادی قیمت کے حوالے سے سوامی ناتھن کمیٹی کی سفارشات کونظرانداز کررہی ہے، جس کے نتیجہ میں کسان معاشی طور پر کمزور ہوکر خودکشیوں پر مجبور ہو رہے ہیں۔فصلوں کے لئے قانونی امدادی قیمت کے مطالبہ کے ساتھ 7 فروری کو کنیا کماری سے شروع ہونے والی یہ یاترا آج حیدرآباد پہنچی۔جگجیت سنگھ نے کہا کہ کسانوں سے فصلیں خریدنے کے بجائے دوسرے ممالک سے درآمد کرنا افسوسناک ہے۔انہوں نے تلنگانہ حکومت کی جانب سے رعیّتو کمیشن کے قیام کی ستائش کی اورریاستی رعیّتو کمیشن کے چیرمین کودنڈاریڈی سے ملاقات کی۔یہ یاترا جنوبی ریاستوں سے ہوتی ہوئی دہلی پہنچے گی، جہاں 19 فروری کورام لیلا میدان میں ایک عظیم الشان جلسہ منعقد کیا جائے گا۔

Municipal Chairman

ریاست کے 7 میونسپل کارپوریشنوں کے میئرس اورڈپٹی میئرس کے ساتھ ساتھ 116 بلدیات کے صدورنشین اورنائب صدورنشین کا انتخاب پیرکوعمل میں آئے گا۔ریاست کی الیکشن کمشنررانی کُمودنی نے بتایا کہ یہ انتخابات متعلقہ اضلاع کے کلکٹروں کی نگرانی میں منعقد کیے جائیں گے۔دریں اثناء ریاستی الیکشن کمیشن نے واضح کیا ہے کہ میونسپل چیرمین اورمیئر کے انتخابات میں ووٹ ڈالنے کے لیے ارکان پارلیمنٹ اورارکان قانون سازکونسل کا مقامی طور پر ووٹ کا حق ہونا لازمی ہے۔کمیشن نے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر وہ متعلقہ بلدی حدود میں بطورووٹررجسٹرڈ نہیں ہیں، تو وہ بااعتبارعہدہ رکن کے طور پر ووٹ ڈالنے کے اہل نہیں ہوں گے۔

Shivratri

دونوں تلگوریاستوں کے تمام شیومندرکل منائی جانے والی مہا شیوراتری کی تقاریب کیلئے پوری طرح تیار ہیں۔ویملوارہ۔سری سیلم اوردیگراہم مندروں کورنگ برنگی روشنیوں سے خوبصورتی سے سجایا گیا

ہے۔سری سیلم میں شیوراتری کے پیش نظر محکمہ جنگلات کے ٹول گیٹس پر فیس معاف کردی گئی ہے۔ نندیال کی کلکٹر راج کماری نے بتایا کہ یہ سہولت پیر تک برقرار رہے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ مندر آنے والوں کی بڑی تعداد کے پیشِ نظر تقریباً ڈیڑھ لاکھ لوگوں کے آرام کیلئے مندر کے احاطہ میں خصوصی شامیانے لگائے گئے ہیں۔ویملواڑہ میں سیکیورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے ہیں۔ایس پی مہیش بی گیتے کے مطابق، 1200 پولیس ملازمین تعینات کئے گئے ہیں اور خواتین کے تحفظ کیلئے 'شی ٹیمیں' سرگرم رہیں گی۔انہوں نے عملہ کو ہدایت دی کہ وہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں کمانڈ کنٹرول روم کو مطلع کریں۔

Shivratri velala

مہاشیوراتری کے موقع پر منچریال کے ڈپو منیجر سری نواس نے بتایا کہ منچریال سے کالیشورم اور ویلالا کے لئے خصوصی بسیں چلائی جارہی ہیں۔انہوں نے واضح کیا کہ ہر بس سروس میں 'مہالکشمی اسکیم' نافذ ہوگی جس کے تحت خواتین مفت سفر کرسکیں گی تاہم انہیں اپنا آدھار کارڈ ساتھ رکھنا لازمی ہوگا۔ آصف آباد ضلع کے ایسکان مندر کے ایگزیکٹو آفیسر وینوگوپال گپتا نے بتایا کہ شردھالوؤں کی سہولت کے لئے تمام ضروری انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔اسی طرح، نرمل ضلع سے ویملاواڑہ اور سری سیلم جانے والے افراد کیلئے نرمل ڈپو منیجر پنڈاری نے خصوصی بسوں کی فراہمی کا اعلان کیا ہے۔

Shivratri Nalgonda

نلگنڈہ ضلع میں بھی تمام شیو مندروں کو خوبصورتی سے سجایا گیا ہے۔ چھایا سومیشورا مندر، پچّلا سومیشورا مندر، چیروو گٹّو اور برہمن گاری گٹّہ جیسے اہم مقامات پر خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔ چیروو گٹّو مندر کے ایگزیکٹو آفیسر رمیش نے بتایا کہ کل ابھیشیک پوجا اور شیو پاروتی کلیانم (شادی کی تقریب) کے لیے تمام تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔

## Janmabhoomi Train

حیدرآباد کے لنگم پلی اور وشاکھاپٹنم کے درمیان چلنے والی جنم بھومی ایکسپریس کے اوقات کار میں کل سے تبدیلی کی جارہی ہے۔اب یہ ٹرین لنگم پلی سے صبح 6 بج کر 55 منٹ پر روانہ ہوگی اور رات 7 بج کر 50 منٹ پر وشاکھاپٹنم پہنچے گی۔فی الحال یہ صبح 6 بج کر 15 منٹ پر روانہ ہوتی ہے۔واپسی کے سفر میں، یہ ٹرین وشاکھاپٹنم سے صبح 6 بج کر 20 منٹ پر روانہ ہوگی اور رات 7 بج کر 15 منٹ پر لنگم پلی پہنچے گی۔ساوتھ سنٹرل ریلوے نے یہ بھی اطلاع دی ہے کہ ہولی کے تہوار کے پیشِ نظر چرلہ پلی اور شالیمار کے درمیان چھ خصوصی ٹرینیں چلائی جائیں گی۔

## Bandi Sanjay

مرکزی مملکتی وزیرداخلہ بنڈی سنجے نے الزام لگایا ہے کہ کریم نگر میونسپل کارپوریشن کے انتخابات میں بی جے پی کو واضح اکثریت حاصل ہونے کے باوجود تین جماعتیں (کانگریس، بی آر ایس اور ایم آئی ایم) ان کی پارٹی کے امیدوار کو میئر بننے سے روک رہی ہیں۔انہوں نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ایم آئی ایم اب کانگریس اور بی آر ایس کی ذیلی پارٹی بن چکی ہے اور یہ تینوں پارٹیاں مل کر جمہوریت کا مذاق اڑا رہی ہیں۔ بنڈی سنجے نے دعویٰ کیا کہ آزاد امیدواروں کی شمولیت کے بعد بی جے پی کے پاس اب مطلوبہ اکثریت موجود ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ فون ٹیپنگ، کالیشورم اور منشیات جیسے اہم معاملات میں گرفتاریاں نہ ہونا ان پارٹیوں کے درمیان خفیہ گٹھ جوڑ کا ثبوت ہے۔انہوں نے ریاستی حکومت پر کسانوں کو کھاد اور طلباء کو فیس ری ایمبرسمنٹ فراہم نہ کرنے کا بھی الزام لگایا۔

## Road expansion

وزیراعظم نریندر مودی کی صدارت میں منعقدہ مرکزی کابینہ کے اجلاس نے حیدرآباد۔پاناجی اقتصادی راہداری کے تحت گوڈے بیلور اور محبوب نگر کے درمیان قومی شاہراہ نمبر 167 کو چار لین

تک وسیع کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ 80.01 کلومیٹر طویل اس سڑک کی توسیع پر تقریباً 3175.08 کروڑ روپے لاگت کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ ریاست کے علاقوں ماگنور، مکتھل، مریکل، دیورکدرہ اور بنڈار پلی سے گزرنے والی اس شاہراہ پر فی الوقت ٹریفک کے دباؤ کی وجہ سے سفر میں کافی تاخیر ہوتی ہے جس کے پیش نظر حکومت نے اس کی توسیع کا فیصلہ کیا ہے۔ اس منصوبہ کی تکمیل سے نہ صرف سفر کا وقت کم ہوگا بلکہ مال برداری کے اخراجات میں بھی کمی آئے گی جس سے نارائن پیٹ اور محبوب نگر اضلاع کی سماجی و اقتصادی ترقی میں مدد ملے گی۔ اس توسیعی کام کے ذریعہ براہ راست 14.4 لاکھ اور بالواسطہ طور پر 19.9 لاکھ کام کے دن فراہم کئے جائیں گے۔ یہ منصوبہ قومی شاہراہ نمبر 150 اور 167 کو جوڑتے ہوئے پوری ریاست میں معاشی رابطوں کو مزید مضبوط کرے گا۔

○○